مائے زوئی کی سروسز کے استعمال کے شرائط و ضوابط

**1**

**تعارف**

1.1

برائے مہربانی یہ شرائط اچھی طرح پڑھیں۔ آپ سروس استعمال کرنے کی صورت میں قانونی طور پر ان کے پابند ہیں۔ اگر آپ ان میں سے کسی بھی شرط سے اتفاق نہیں کرتے تو فوری طور پر سروس کا استعمال بند کردیں۔

1-2

ان شرائظ میں "آپ" اور "آپ کے"اس شخص کو کہا جارہا ہے جس نے سروسز کے استعمال یا ان تک رسائی کے لئے درخواست دی ہے، اور "ہم" "ہمارے" "ہم" مائے زوئی کے لئے استعمال ہوگا۔ وہ تمام شرائط جن کو موٹے حروف میں لکھا گیا ہے ان کی تفصیل اہم توضیحات کے تحت دستاویز کے آخر میں بیان کی گئی ہے۔

1-3

یہ شرائط اور ان میں ہونے والی کوئی بھی تبدیلی آپ کو ویب سائٹ

http://myzoi.life/

پر اور موبائل ایپ پر دستیاب ہوگی ، ہم شدت سے تجویز کرتے ہیں کہ آپ ویب پیج اور موبائل ایپ پر موجود ان شرائط کو وقتا فوقتا پڑھتے رہیں تاکہ آپ تازہ ترین شرائط سے آگاہ رہیں۔ یہ شرائط گذشتہ تمام مباحثوں اور دستاویزات جو سروس سے متعلق ہیں ان کا متبادل ہے بجز اس صورت میں جہاں ہم بصورت دیگر آپ کو تجویز کریں۔ آپ ان شرائط کی ڈیجیٹل فارمیٹ میں وصولی کو تسلیم کریں اور رضاکارانہ طور پر تحریری کاپی کے حصول کا حق رکھتے ہیں۔

1-4

**ہم یہ شرائظ و ضوابط کسی بھی وقت ، ایس ایم ایس، بذریعہ موبائل ایپ نوٹیفیکیشن اور/یا کسی بھی ذریعے سے جو ہم نے طے کئے ہیں ساٹھ دن کا نوٹس دے کر تبدیل کرسکتے ہیں۔ آپ کی جانب سے سروس کا استعمال کیا جانا اس بات کی تصدیق ہوگا کہ شرائط میں ہونے والی تبدیلیوں سے آپ اتفاق کرتے ہیں۔**

1-5

اضافی شرائط و ضوابط اس وقت لاگو ہوں گی جب آپ موبائل ایپ کے ذریعے سروسز کا استعمال کریں گے۔اضافی شرائط و ضوابط متعلقہ ایپلیکیشن مارکیٹ پلیس کے مطابق لاگو ہوں گے اور موبائل ایپ کے استعمال میں راہنمائی کریں گے۔ یہ اضافی شرائط ، حوالہ کے طور پر ان شرائط کا حصہ ہیں اور جب آپ موبائل ایپ ڈاون لوڈ کریں گے توآپ کو دستیاب ہوں گی۔

1-6

ہم آپ کو دیگر سروسز بھی فراہم کرسکتے ہیں اگر کہیں اضافی شرائط اور قواعد لاگو ہوں۔ آپ ان سروسز کے مطلق مزید معلومات ہم سے موبائل ایپ ، ویب سائٹ یا ہمیں ای میل بھیج کر حاصل کرسکتے ہیں ۔

info@myzoi.life

یا ہمیں ہمارے کانٹیکٹ سپورٹ نمبر پر کال کرسکتے ہیں جو آپ کی موبائل ایپ اور ویب سائٹ پر موجود ہے۔ جہاں آپ ، ہمیں کسی بھی خاص سروس سے متعلق معلومات کی درخواست دے سکتے ہیں ، جس کا تعلق فیس ، کرنسی تبدیلی کا ریٹ اور رقم

نکلوانے کے چارجز (اگر کوئی ہوں ) سے ہوسکتا ہے ، ہم آپ کی درخواست کی گئی معلومات آپ کو پانچ کاروباری دنوں میں فراہم کردیں گے۔

**2**

**کولنگ آف پریڈ**

**آپ کے پاس پانچ دن کے کولنگ آف پریڈ کا حق محفوظ ہے۔ کولنگ آف پریڈ وہ دورانیہ ہے جس کے بعد آپ کامیابی کے ساتھ سروسز کے لئے رجسٹر کرلیں گے جو آپ کو سروسز کی درخواست کے بارے میں دوبارہ سوچنے کا موقع دے گااور اپنی رجسٹریشن کو بغیر کسی لاگت ، ذمہ داری یا پریشانی کے منسوخ کرسکتے ہیں۔**

**3**

**سروسز کے لے آپ کی رجسٹریشن**

3-1

مائے زوئی ائک ڈیجیٹل والٹ سولیوشن ہے جو آپ کو آپ کے اکاونٹ میں موجود رقم مائے زوئی کے دیگر تصدیق شدہ کسٹمرز کو بھیجنے کا موقع دیتا ہے۔یہ سروس ان کسٹمرز کے لئے دستیاب ہے جن کے مالکان ان کو مائے زوئی کے پے رول اکاونٹ کے ذریعے تنخواہ دیتے ہیں۔

3-2

ان سروسز کے استعمال کے لئے آپ کا 18 سال کا ہونا لازمی ہے اور ان کی مکمل طور پر تعمیل بھی لازمی ہے۔

3-3

ایپ اسٹور کے ذریعے اس ایپ تک رسائی مفت ہے، البتہ ان سروسز کے حصول سے پہلے آپ کو موبائل ایپ پررجسٹر کرنا ہوگا اور اپنا اکاونٹ بنانا ہوگا۔

3-4

جب آپ موبائل ایپ پر رجسٹر کریں ، ایک مرتبہ بھیجا جانے والا کوڈ آپ کو اپنے موبائل پر وصول ہوگا ، آپ کو اپنے موبائل نمبر کی تصدیق کے لئے یہ ایک مرتبہ بھیجا جانے والا کوڈ داخل کرنا ہوگااوراپنے اکاونٹ تک رسائی اورایکٹیویٹ کرنے کے لئے کچھ اہم شناختی معلومات فراہم کرنا ہوگی۔ ایک بار ایکٹیویٹ ہوجانے کے بعد آپ اپنے موبائل نمبر کو اپنے پاس ورڈ کے ساتھ استعمال کرکے سروسز تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔

3-5

ہم آپ کو آپ کے اکاونٹ تک رسائی کے دیگر ذریعے بھی فراہم کریں گے، جیسا کے چہرے کے ذریعے یا فنگر پرنٹ کے ذریعے شناخت ، البتہ یہ اس پر منحصر ہے کہ آپ کون سا موبائل استعمال کررہے ہیں۔

3-6

آپ کو ہمیں کچھ دستاویزات فراہم کرنا ہوں گی جن کی ہم نے آپ سے درخواست کی ہے تاکہ ہم آپ کی شناخت کی تصدیق کرسکیں اور آپ کو متعلقہ سروسز فراہم کرسکیں، بشمول مگر محدود نہیں ہے آپ کا شناختی کارڈ، پاس پورٹ (اورحکومت کی

جانب سے فراہم کئے جانے والی شناختی ثبوت)اور تصاویر۔ آپ سے ان سب تصدیقی دستاویزات کی معیاد ختم ہونی کی صورت میں تازہ ترین کاپی بھی طلب کی جاسکتی ہے۔

3-7

قابل اطلاق قوانین کی اجازت کے تحت، ہم ہوسکتا ہے استعمال کنندہ کی تصدیق کے لئے، یو اے ای اور دیگر متعلقہ ممالک کی حکومتوں سے بھی آپ کی دستاویزات اور تفصیلات جمع کریں۔جب آپ ان شرائط سے اتفاق کریں ، تو ہمیں اجازت دینا ہوگی کہ آپ کی معلومات ، بشمول بائیو میٹرک ڈیٹا جیسا کہ آپ کی تصویر متعلقہ حکومت کی اتھارٹیز کو فراہم کریں۔

3-8

جو تفصیلات اور دستاویزات ہم نے آپ سے مانگی ہیں صرف یہی مطلوب نہیں ہیں ۔ ہم مزید دستاویزات یا معلومات آپ سے یا دیگر افراد سے مانگ سکتے ہیں اگر ہمیں استعمال کرنے والے کی تصدیق کے عمل کے لئے اس کی ضرورت ہے۔ اگر معلومات میں موجود تفریق واضح نہ ہوئی تو ہم استعمال کرنے والی کی تصدیق کا عمل جیسا کہ ضروری ہے مکمل نہیں کر سکتے، ہوسکتا ہے ہم آپ کی سروس کے لئے رجسٹر کرنے کی درخواست کو رد کردیں ۔ کسی بھی صورت میں ، ہمیں اس فیصلے کا اختیا ر حاصل ہے کہ آپ کی اکاونٹ بنانے کی درخواست قبول کریں یا رد کردیں۔

3-9

ڈیٹا اور دستاویزات جو ہم مزید معلومات کے لئے جمع کریں، اور ہم اسے کیسے استعمال کریں گے وہ ہماری ویب سائٹ پر پرائیویسی نوٹس میں موجود ہے۔ اگرآپ ان شرائط و ضوابط بشمول پرائیوسی نوٹس جو ہماری ویب سائٹ پر موجود ہے اس سے اتفاق نہیں کرتے ، تو ہمیں اپنی معلومات فراہم مت کریں۔ یاد رکھیں!اگرآپ نے انکار کا انتخاب کیا ہے تو ہم آپ کو سروسز فراہم نہیں کرسکیں گے۔

**4**

**اکاونٹ بنانے اور رجسٹر کرنے کے بعد ،آپ اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ :**

4-1

آپ نے یہ اکاونٹ اپنے ذاتی استعمال کے لئے بنایا ہے اور یہ معلومات اور دستاویزات جو آپ نے فراہم کی ہیں یہ آپ کی تفصیلات ہیں(کسی دوسرے شخص کی نہیں ہیں)

4-2

کوئی بھی معلومات یا دستاویزات، بشمول آپ کی رابطے کی تفصیلات ، جو آپ ہمیں فراہم کریں گے ، سچ پر مبنی ، مکمل ، درست ، حقیقیت پر مبنی اور درست دستاویزات ہیں۔ آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کے معلومات اور دستاویزات تازہ ترین اور درست ہیں جب آپ کا اکاونٹ ایکٹیو کیا گیا ہے۔ آپ اکاونٹ لاگ ان کرکے اپنی تفصیلات تبدیل کرسکتے ہیں۔ اس بات کا امکان ہے کہ ہم تازہ ترین تفصیلات کی تصدیق کریں گے تاکہ آپ دوبارہ سروس استعمال کرسکیں؛

4-3

**اپنے اکاونٹ اور پاس ورڈ کے تحفظ اور رازداری کی دیکھ بھال کے ذمہ دار آپ خود ہیں اور آپ اس کو کسی سے شئیر ، تفوٰیض یا اکاونٹ یا پاس ورڈ کو کسی تھرڈ پارٹی کو منتقل نہیں کریں گے یا کوئی ایسا کام نہیں کریں گے جو اکاونٹ کے تحفظ کو خطرے میں ڈال دے؛ اور کلی طور پر ذمہ دار اور جواب دہ ہوں گے تمام اقدامات / ہدایات کے جو اکاونٹ کو استعمال کرنے کے لئے دی گئی ہیں۔ براہ مہربانی نوٹ کرلیں آپ تمام نقصانات کے ذمہ دار قرار پائیں گے ہماری طرف سے یا دیگر کسی استعمال کرنے والے کی طرف سے بوجہ اجازت شدہ یا بغیر اجارت اکاونٹ استعمال کئے جانے کے کیونکہ آپ اکاونٹ کی**

**معلومات کے تحفظ اور رازداری برتنے میں ناکام رہے ہیں اور /یا آپ نے ہمیں تحفظ کی خلاف ورزی کے عمل سے فوری آگاہ نہیں کیا۔**

4-4

آپ اس بات کو سمجھتے ہیں کہ ہم کسی بھی پیشگی نوٹس کے بغیرآپ کے اکاونٹ یا سروس کے استعمال کو بند یا منسوخ کرسکتے ہیں، اگر ہمیں یہ شبہ ہوجائے کہ جو معلومات / دستاویزات / اجازت نامے آپ نے فراہم کئے ہیں وہ جھوٹی ، غلط، پرانی یا نامکمل ہے اور آپ کا اکاونٹ ہمارے رسک کی حدود سے باہرجاچکا ہے یا آپ نے ان شرائط کی خلاف ورزی کی ہے۔

**5**

**آپ کے اکاونٹ سے فنڈز ٹرانسفر**

5-1

آپ اپنے بینیفشری کو فنڈز ٹرانسفر کے سلسلے میں اپنی موبائل ایپ کے ذریعے اپنا اکاونٹ لاگ ان کرکے ہدایات دے سکتے ہیں۔فنڈز ٹرانسفر سے متعلق تمام ہدایات جو آپ نے اپنے اکاونٹ کے ذریعے دی ہیں ان کی ذمہ داری آپ پر ہے اور یہ تبدیل نہیں ہوسکتیں ۔

5-2

جب آپ اپنے اکاونٹ سے فنڈ ٹرانسفر کا اجراء کریں گے تو ، آپ ہمیں اجازت دیں گے کہ ہم آپ کے اکاونٹ سے رقم ڈیبٹ کرکے وصول کرنے والے کو ٹرانسفر کردیں۔

5-3

آپ اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمیں ہدایات دیتے ہوئے آپ کے اکاونٹ میں معقول رقم ہونی چاہئیے۔

5-4

اگر فنڈزٹرانسفرکی ایک کرنسی سے دوسری کرنسی میں تبدیلی کی ضرورت ہے تو، ہم کرنسی کی تبدیلی کے لئے معقول ایکسچینج ریٹ طے کریں گے۔ جو ریٹ ہم طے کریں گے وہ حتمی ہوگا اور آپ کرنسی ایکسچینج کا رسک ، نقصان ، کمیشن اوردیگر اخراجات جو اس صورتحال میں آئیں گے برداشت کرنا ہوگا۔ کسی بھی شبے سے بچنے کے لئے ، ہم صرف اس صورت میں فنڈ ٹرانسفر کریں گے اگر آپ ایکسچینج ریٹ سے اتفاق کریں گے۔

5-5

ہم فنڈز ٹرانسفر کی حد طے ، تبدیل یا منسوخ کرسکتے ہیں، چاہے شرائط مالیاتی ہوں یا عددی یا دیگر، اور ان فریکوینسیز کو جن کے ذریعے فنڈ ٹرانسفر ہوتا ہے تبدیل کرسکتے ہیں۔

5-6

فنڈ ٹرانسفر کا آغاز جس ملک میں رقم بھیجی جارہی ہے وہاں کے اصول اور ضوابط اور مارکیٹ کے ظریقہ کار سے مشروط ہے۔ ہم آپ کی وجہ سے ہونے والے کسی نقصان یا تاخیر جواصول و ضوابط یا مارکیٹ کے طریقہ کار کا نتیجہ ہو اس کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

5-7

فنڈ ٹرانسفر وصول کرنے والے کو جیسے ہی کامیابی سے فنڈ ٹرانسفر ہوگا اس کو فوری طور پر اطلاع دی جائے گی اور فنڈ وصول کرنے والے کے استعمال کے لئے دستیاب ہوگا، البتہ آپ کویہ تسلیم کرنا ہوگا کہ ہم اس بات کی گارنٹی نہیں دے سکتے کہ وصول کرنے والے کو رقم کس وقت ملے گی۔

5-8

آپ کو یہ بات تسلیم کرنا ہوگی کہ ہم کسی فنڈ ٹرانسفر کے سلسلے میں آپ کی ہدایت کو رد کرسکتے ہیں یا فنڈ ٹرانسفر یا اکاونٹ کو بلاک کرسکتے ہیں اگرہم اس کو مناسب اور قابل عمل سمجھیں گے۔ مثال کے طور پر، ہم کسی بھی ایسی ہدایت کو رد اور فنڈ ٹرانسفر کواور آپ کے اکاونٹ کو بلاک کرسکتے ہیں اگر کو خلاف ورزی ہو یا خلاف ورزی کا شبہ ہو 1 ) ہماری اندرونی پالیسیز 2) کوئی سیکیورٹی طریقہ کار 3) کوئئ قانون یا کسی اتھارٹی کی ضرورت 4)یا ، ہمیں کوئی ریگولیٹری نوٹس وصول ہو یا کوئی عدالتی نوٹس جس میں فنڈ ٹرانسفریا اکاونٹ بلاک کرنے کی ہدایت ہو۔

5-9

اگر ہم آپ کے اکاونٹ میں غلطی سے کوئی رقم بھیج دیں ، ہم بغیر آپ سے اجازت لئے اس کو نکالیں گےلیکن آپ کو واقع کے بارے میں آگاہ کردیں گے۔

**6**

**پیمنٹ کارڈ**

6-1

جیسے ہی آپ آن بورڈنگ کے عمل کو کامیابی سے مکمل کرلیں ، ہم آپ کو پیمنٹ کارڈ جاری کردیں گے جس کے لئے آپ کو رضامندی ظاہر کرنا ہوگی۔یہ کارڈ آپ کو خود سے خریداری کا موقع دے گا، مخصوص ای ٹی ایم سے رقم نکلواسکیں گے جن کے بارے میں ہم آگاہ کریں گے اور دیگر چینلز سے بھی ٹرانزیکشن کرسکیں گے جن کے بارے میں ہم وقتا فوقتا آگاہ کرتے رہیں گے۔ درج ذیل شرائط لاگو ہوں گے جب آپ کو کارڈ جاری کیا جائے گا:

1

آپ ہمیشہ یاد رکھیں گے کے یہ کارڈ مائے زوئی کی ملکیت ہے اور ہم جب بھی آپ سے طلب کریں بغیر کسی حیل وحجت غیر مشروط طور پر ہمیں واپس کرنا ہوگا۔

2

اگر آپ کے اکاونٹ میں مناسب رقم نہیں ہے جو آپ کی مطلوبہ رقم یا ٹرانسفر کے برابر نہ ہو تو آپ ہرگز کارڈ استعمال نہیں کریں گے۔

3

آپ کارڈ کا استعمال خود تک محدود رکھیں گے کیونکہ یہ کارڈ ناقابل منتقلی ہے۔

4

اگر آپ کو ہماری یا مائے زوئی کے کسی نمائندے کی طرف سے کارڈ کی منسوخی یا واپسی کی ہدایت مل جائے تو آپ اس کارڈ کو ہرگز استعمال نہیں کریں گے۔

5

آپ نے کارڈ کے استعمال کے لئے جو پاس ورڈ بنایا ہے وہ آپ کسی بھی صورت میں کسی دوسرے شخص کو نہیں بتائیں گے۔

6

آپ اس کارڈ کے ذریعے کی جانے والی تمام ٹرانزیکشنز کی مکمل ذمہ داری لیتے ہیں ، بجز کسی ایسی ٹرانزیکشن کے جس کے بارے میں ہم آپ کو آگاہ کریں کہ ہمیں کارڈ کے گم ہونے یا چوری ہوجانے کا نوٹس ملا ہے یا پاس ورڈ بغیر اجازت کے حاصل کیا گیا ہے۔

7

درج بالا سے مشروط ، آپ ہمارے رقم نکلوانے کے ریکارڈ اور/ یا ٹرانسفرز جو حتمی اور تمام وجوہات کے تحت لاگو شدہ اور آپ اجازت دیں گے اپنے اکاونٹ کو ڈیبٹ کرنے کے لئے وہ تمام رقوم جو نکالی گئی ہیں ، منتقل کی گئی ہیں آپ کے علم یا اجازت کے ساتھ یا اس کے بغیر۔

8

آپ یادرکھیں کہ رقم جو اے ٹی ایم اسکرین پر لکھی ہوگی ، یا پرنٹڈ سلپ پر ہوگی، یا مشاورتی رسید کوئی بھی چیزالبتہ حتمی اکاونٹ اسٹیٹمنٹ تصور نہیں کی جائے گی۔ صرف اکاونٹ کی وہ معلومات جو آپ کی موبائل ایپ کے ذریعے دی جائے گی وہی حتمی طور پر قابل بھروسہ ہے۔

9

آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ٹھہرائیں گے کچھ بھی ہو کسی بھی صورت میں کسی نقصان ، حادثے یا خرابی کا بہرحال کسی مکینکل خرابی کے پیدا ہونے کی وجہ سے یا فنڈز کی کمی یا اے ٹی کی خرابی یا کوئی خاص ریڈر جو آپ کے کارڈ کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔

10

اس کے باوجود اور بغیر کسی عمومی تفریق کے شرائط کے تحت (1) کارڈ کا درج بالا استعمال آپ کی اپنی ذمہ داری پر ہے ، اور آپ قبول کریں گے کوئی بھی اور تمام اتفاقی رسک جو کارڈ کے استعمال سے پیدا ہوں ۔

11

آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ اگر کارڈ کسی مقام پر قبول نہ کیا جائے تو ہم ذمہ دار نہیں ہیں ۔

12

منسوخی کے لئے آپ کو کارڈ واپس کرنا ہوگا یا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ہوگا کیونکہ اس کی ضرورت نہیں ہے آپ کا اکاونٹ کسی بھی وجہ سے اگر بند کردیا گیا ہے۔

13

ہم اس بات کا پورا حق رکھتے ہیں کہ آپ کا کارڈ کسی بھی وقت بغیر کوئی نوٹس دیئے منسوخ کردیں۔

14

کچھ کیسز میں ، ہم آپ کا کارڈ آپ کے مالک کے ذریعے آپ کو بھیجیں گے ۔ آپ کارڈ قبول کرنے معاہدہ اس طریقہ کار کے تحت یاد رکھیں ۔

**7**

**فیس اور چارجز**

**7-1**

**آپ جن خدمات کے لئے سب سکرائب کریں گے ہم ان پر فیس اور چارجز لاگو کرنے کے حقدار ہیں۔ جب آپ سروس استعمال کریں گے ہم قابل اطلاق فیس اور چارجز کی (بشمول تمام گورنمنٹ ٹیکسز) آپ کے اکاونٹ سے کٹوتی کریں گے یا وقتا فوقتا دیگر کسی طریقہ کار کے تحت جس کے بارے میں آپ کو آگاہ کیا گیا ہے۔ وقتا فوقتا قابل اطلاق فیس کی تفصیلات ہماری ویب سائٹ اور موبائل ایپ پر موجود ہے ، یا وقتا فوقتا جس کے بارے میں آپ کو بذریعہ ایس ایم ایس یا پش نوٹیکفیکیشن کے آپ کو آگاہ کیا گیا ہے۔**

**7-2**

**ہمیں ادا کئے جانے والے فیس اور چارجز ناقابل واپسی ہیں اور ادا کی جانے والی فیس کا ریکارڈ حتمی اور طے شدہ ہے۔**

**7-3**

**ہم یہ فیس اور چارجز کسی بھی وقت تبدیل کرسکتے ہیں ، آپ کو ساٹھ دن کا نوٹس بذریعہ ایس ایم ایس ، موبائل ایپ اور/یا دیگر کسی ذریعے سے فراہم کرکے جیسا کے تعین کیا گیا ہے۔آپ کا سروسز کا استعمال آپ کی جانب سے تازہ ترین فیس اور چارجز کے قبول کئے جانے کا اظہار ہوگا۔**

**8**

**کمیونیکیشن**

8-1

ان شرائط کو قبول کرکے ، آپ بذریعہ ہذا درخواست کرتے ہیں اور ہمیں واضح طور پر مجاز قرار دیتے ہیں اور ہمارے ملازمین کو یا ایجنٹس کو تاکہ وہ آپ سے رابطہ کرسکیں ، اور آپ سے ہدایات وصول کریں یا آپ کی اجازت کے ساتھ 1) اس فون نمبر پر جوآپ نے فراہم کیا ہے 2) آپ کو ای میل لکھ کر یا جو پتا آپ نے فراہم کیا ہے اس پر میل لکھ کر بشمول ان دستاویزات کے ذریعے جو آپ نے اپنے اکاونٹ یا موبائل ایپ یا دیگر کسی جگہ اپ لوڈ کی ہیں، اور/یا 3) دیگر کوئی طریقہ یا انداز جو وقتا فوقتا ہماری جانب سے مناسب طور پر تعین کیا جائے۔

8-2

ٹیلی فون کے ذریعے ہمارے نمائندے سے رابطے کے دوران ، آپ ایسی تما م فون کالز کی ریکارڈنگ کی رضامندی دیں گے، کسی بھی وجہ سے ضروری سمجھا جائے۔ یہ رضامندی قابل اطلاق قوانین کے تحت ہوگی۔ ان تمام کمیونیکیشنز کا ریکارڈ ہمارے پاس ہوگا، جوان کمیونیکیشنز کی حساسیت اور مواد کا حتمی اور لازمی ثبوت ہوگا۔

8-3

آپ اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ جو ہدایات اور اجازت آپ نے دی ہے وہ مستند اور حتمی ہیں ، بغیر کسی اضافی تصدیق کے۔ البتہ ، ہم اس بات کا اختیا رکھتے ہیں کہ آپ سے ان ہدایات اور اجازت کی تصدیق کریں۔

8-4

آپ اپنے موبائل نمر یا رابطے کی تفصیلات میں تبدیلی کی صورت میں ہمیں فوری طور پر آگاہ کریں گے۔ یہ کام آپ موبائل ایپ کے ذریعے بھی کرسکتے ہیں۔

**9**

**مائے زوئی ویب سائٹ اور موبائل ایپ کا جائز استعمال**

9-1

آپ ان شرائط کے تحت موبائل ایپ صرف اور صرف اپنے استعمال میں لاسکتے ہیں۔

9-2

تمام کانٹینٹ ، ڈیٹا ، ڈیزائن ، معلومات اور مواد جو ویب سائٹ اور موبائل ایپ (مجموعی طور پر **"کانٹینٹ"** ) پر دستیاب ہے، بشمول مگر محدود نہیں ہے ، اس سوفٹ ویئر جو ویب سائٹ اور موبائل ایپ کے اندر پوشیدہ ہے یا جس کی ہمیں ویب سائٹ ،موبائل ایپ ، تصاویر ، ٹیکسٹ، ترتیب ، انتظام ، ڈسپلے ، مثالیں ، تصاویر، گرافک ، آڈیو ، ویڈیو کلپس ، ایچ ٹی ایم ایل فائلز اور دیگرکانٹینٹ ، لوگو ، ٹریڈ مارکس جو ہوسکتا ہے ویب سائٹ یا موبائل ایپ پراستعمال ہوں گے وہ سب مائے زوئی کی ملکیت ہیں اور/یا اس کے لائسنس یافتہ اداروں کی اور ان کو کاپی رائٹ کے ذریعے اور/یا دیگرقابل اطلاق انٹلیکچوئل پراپرٹی رائٹس کے قوانین تحت محفوظ کیا گیا ہے۔

9-3

آپ کو نقل کرنے ، دوبارہ بنانے ، اسکریپ کرنے ، چھاپنے ، ادا کرنے ، لوگوں سے بات چیت کرنے کی کسی بھی صورت میں جوبھی ہو ، منتقل کرنے ، بیچنے لائسنس دینے ، تقسیم کرنے یا ٹرانسفر کرنے کسی بھی صورت میں جو بھی ہو، قبول کرنے ، تبدیل کرنے ، ترجمہ کرنے ، علیحدہ کرنے ، ڈی کمپائل یا ریورس انجینئر کرنے ، مشتق کام کرنے ، یا کسی بھی طرح ویب سائٹ ، موبائل ایپ ، کانٹینٹ یا دیگر کسی حصے کا استعمال یا استحصال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔آپ کبھی بھی کسی کاپی رائٹ ، ٹریڈ مارک یا مالکانہ حقوق کے نوٹس جو کانٹینٹ یا ویب سائٹ یا موبائل ایپ پر موجود ہیں ان کو نہ ہٹائیں گے نہ مٹائیں گے اور ان تمام نوٹسز تمام کانٹینٹ کی مجاز کاپیز پر ری پروڈیوس کریں گے۔ کوئی بھی ویب سائٹ ، موبائل ایپ اور /یا کانٹینٹ کا استعمال جو ان شرائط کو نقصان پہنچائے کاپی رائٹ ، ٹریڈ مارک اور دیگر قابل اطلاق قوانین کی خلاف ورزی ہوگا ،اوراس کا نتیجہ قانونی کارروائی بھی ہوسکتا ہے۔

**10**

**نمائندگی اور وارنٹی**

10-1

آپ اس بات کی نمائندگی کرتے ہیں اور وارنٹی دیتے ہیں کہ :

1)آپ سروسز ، ویب سائٹ اور موبائل ایپ کسی غیر قانونی یا بغیر اجازت کے یا کسی ایسے کام میں استعمال نہیں کریں گے جو ہمارے کاروبار ، ساکھ ، ملازمین ، مائے زوئی کے صارفین یا کسی تھرڈ پارٹی کو نقصان پہنچائے یا ان کے لئے رسک کی وجہ ہو؛

2 کوئی ایسا کام نہ کریں جو آپ کے لئے یا دوسری پارٹی کے لئے ان شرائط کی خلاف ورزی کی وجہ بنے۔

3 تمام قابل اطلاق اینٹی کرپشن ، اینٹی برائبری قوانین کی تعمیل اس ملک میں لازمی ہے جہاں سروس فراہم کی جا رہی ہےاور

اس ملک میں جہان آپ کی رہائش ہے؛

4ایک اکاونٹ سے زیادہ مت بنائیں

5

ویب سائٹ اور موبائل کے ذریعے سے آنے والے کسی بھی کمپیوٹر وائرس سے بچیں ، جیسا کہ ٹورجان ہارس ورم ، لاجک بم

مال وئیر یا اسی کے جیسی کوئی اور چیز کمپیوٹر یا نیٹ ورک کو خراب کردے یا اس کی کارکردگی کو بری طرح متاثر کرے؛

6

جدید ترین وائرس اسکینگ سوفٹ ویئر استعمال کریں اوراپنی ڈیوائس کے تحفظ کے لئے ویب سائٹ یا موبائل ایپ تک رسائی کے لئے دیگر طریقہ کار بھی اپنائیں؛

7

ہماری یا کسی تھرڈ پارٹی کی انٹلیکچوئل پراپرٹی رائٹس کی خلاف ورزی نہ کریں؛ اور

8

ان سروسز سے متعلق یا شرائط کی خلاف ورزی کی صورت میں اگر ہم کوئی تفتیش کریں تو آپ ہمارے ساتھ تعاون کریں۔

**11**

**متوقع فراڈ، غیر مجاز پیمنٹ ، کارڈ اور موبائل کی چوری کی رپورٹ**

**11-1**

**اگر آپ کو اپنے اکاونٹ سے کی جانے والی کسی غلط ، دھوکہ پرمبنی ، یا بغیر اجازت کی جانے والی ادائیگی یا ٹرانزیکشن کا شک ہو، برائے مہربانی ہم سے فورا رابطہ کریں ہمارے کال سینٹر پر کال کرکے اس معلومات کو استعمال کرتے ہوئے جوان**

**شرائط کی شق نمبر 17-4 میں فراہم کی گئی ہے (شکایات ، کسٹمر سروس اور کمیونیکیشن چینل). ہم پوری کوشش کریں گے کہ آپ کو راہنمائی فراہم کریں اور یہ معاملہ جلد از جلد حل کردیں.**

**11-2**

اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کسی دھوکے، بغیر اجازت کی جانے والی ادائیگی یا ٹرانزیکشن، یا دیگر مجرمانہ سرگرمی کے نتیجے میں اپنے اکاونٹ کی رقم کا نقصان اٹھاچکے ہیں، ہم آپ سے مزید معلومات طلب کرسکتے ہیں تاکہ اس بات کا اندازہ لگا سکیں کہ آپ نے کتنا نقصان اٹھایا ہےاور کون ذمہ دار ہے . اگر ہم آپ سے پوچھیں تو آپ فوری طور پرہرحال میں ہمیں آگاہ کریں. ہم پوری کوشش کریں گے کے آپ کی رقم آپ کو واپس مل جائے، لیکن ہم آپ کو ہونے والے کسی نقصان کے ذمہ دار نہیں ہیں.

**11-3**

**آپ ہمیں کارڈ کی چوری یا گم ہوجانے کی فوری اطلاع دیں گے ہمارے کال سینٹر پر کال کرکے اس معلومات کو استعمال کرتے ہوئے جوان شرائط کی شق نمبر 17-4 میں فراہم کی گئی ہے (شکایات ، کسٹمر سروس اور کمیونیکیشن چینل). کارڈ چوری یا گم ہوجانے کی صورت میں صرف آپ کی درخواست پر متبادل کارڈ فراہم کردیا جائے گا. آپ اس بات کو یاد رکھیں کے کہ متبادل کارڈ کی درخواست دینا آپ کی ذمہ داری ہے.**

**11-4**

آپ کے موبائل یا موبائل کے سم کارڈ کی چوری ، گم ہونے یا چھن جانے کی صورت میں آپ کی ذمہ داری ہے کہ فوری طور پر مائے زوئی کو کال سینٹر پر کال کرکے آگاہ کریں اس معلومات کو استعمال کرتے ہوئے جوان شرائط کی شق نمبر 17-4 میں فراہم کی گئی ہے (شکایات ، کسٹمر سروس اور کمیونیکیشن چینل) تاکہ مائے زوئی آپ کے اکاونٹ کو فریز کردے. آپ مائے زوئی کو ہر طرح کے نقصانات ، ادائیگیاں ، خرابیوں ، لاگت ،اخراجات سے محفوظ رکھیں گے جو مائے زوئی کی جانب سے آپ کا اکاونٹ فریز کرنے کی بنا پر ظاہر ہوں گے، آپ کے نوٹیفیکیشن کے مطابق، جیسا کہ وضاحت کی گئی ہے.

**12**

**وارنٹیز سے دستبرداری**

ہم سروسز اور کانٹینٹ "جیسا ہے" اور "جہاں ہے " کی بنیاد پر بغیر کسی وارنٹی اور کسی بھی قسم کی ، واضح اور پوشیدہ شرط کے فراہم کرتے ہیں. مائے زوئی ، اپنی جانب سے خود ، اس کے ملحقہ ادارے اور لائسنس یافتہ ، تمام طرح کی وارنٹیز سے چاہے واضح ہوں یا پوشیدہ دست بردار قرار دیتا ہے ، چاہے ہماری سروسز ، کانٹینٹ ، یا ویب سائٹ ، بشمول تجارت کی پوشیدہ وارنٹیز ، کسی خاص مقصد کی درستگی ،خاموشی سے فائدہ اٹھانا،معیار،درستگی ، عنوان ، خلاف ورزی سے بچنا اور کوئی وارنٹی جو لین دین ، استعمال یا تجارت کی صورت میں سامنےآئے.

**13**

**ذمہ داری کی حدود**

13-1

ہم آپ کے یا کسی تھرڈ پارٹی کے نقصان یا خرابی کے ذمہ دار نہیں ہیں (بشمول، خاص ، بالواسطہ، اتفاقی ، نتیجہ خیز یا تادیبی خرابی )جو آپ کی جانب سے سروس، کانٹینٹ ، یا ویب سائٹ اور موبائل سروس استعمال کرنے کی بنا پر براہ راست یا بالواسطہ پیدا ہوجائے.

13-2

کسی بھی قسم کے شبے سے بچنے کے لئے ،آپ تمام نقصانات، اور خرابی کے ذمہ دار ہیں جو کسی فنڈز ٹرانسفر کے نتیجے میں سامنے آئے جس میں اجازت کے ساتھ آپ کا پاس ورڈ اور / یا پیمنٹ کارڈ استعمال ہوا ہو، جب تک آپ مائے زوئی کو تحریری طور پر یا آگاہ کریں یا دیگر چینلز جو اس مقصد کے لئے مقرر کئے گئے ہیں کہ اگر آپ کا پن یا پیمنٹ کارڈ گم یا چوری ہوجائے ۔ اگر آپ اپنا پن کسی تھرڈ پارٹی کو بتائیں گے ،یا اگر آپ اپنے پن یا پیمنٹ کارڈ کے تحفظ میں ناکام ہوگئے ہیں اور مناسب دیکھ بھال کے باوجود بھی آپ کا پن اور/ یا پیمنٹ کارڈ کسی تھرڈ پارٹی کی جانب سے استعمال کیا جائے اور ایک یا اس سے زیادہ فنڈ ٹرانسفر ہو ، یہاں تک کے قابل اطلاق قوانین کے دائرے کے تحت زیادہ سے زیادہ ، آپ مائے زوئی کو نقصانات ، ذمہ داریوں ، خرابیوں ، لاگت ، اخراجات ، چارجز جو ایسے کسی فنڈ ٹرانسفر کی صورت میں اجاگر ہوں سے محفوظ رکھیں گے یہاں تک کہ 1 ) جب آپ اپنا پن تبدیل کریں اور

2 ) جب مائے زوئی آپ کی جانب سے نوٹیفیکیشن وصول کرے کہ آپ کا پن اور / یا پیمنٹ کارڈ گم یا چوری ہوگیا ہے۔

13-3

ہم کسی بھی( براہ راست یا بالواسطہ) نقصان کے ذمہ دار نہیں ہیں ، البتہ آپ کے یا کسی تھرڈ پارٹی کی جانب سے سروس استعمال کئے جانے کی صورت میں ہم مطلوبہ قوانین اور ضوابط کے مطابق عمل کریں گے کسی بھی دائرہ کار میں جو منی لانڈرنگ ، دہشت گردوں کی مالی امداد یا کسی بھی سروس کو کسی بھی شخص کو فراہم کرنا جس پر پابندی عائد ہو کہ تحفظ سے تعلق رکھتا ہو۔

13-4

اُپ دھوکہ دہی یا دیگر کسی شرائط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے فنڈزٹرانسفر کریں گے تو ہم کسی بھی قسم کے نقصان کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

13-5

مائے زوئی آپ کے اکاونٹ سے کی جانے والی کسی غیرمتعلقہ ٹرانزیکشن کا ذمہ دار نہیں ہے، ٹرانزیکشن کی قدر کی حد تک، مثال کے طور پر سوائے جہاں آپ نے دھوکہ دہی کا کوئی کام کیا ہے یا ان شرائط کی خلاف ورزی کی ہے ، خاص طور سے وہ فرائض جو ان شرائط کی شق نمبر 4-3 میں بیان کئے گئے ہیں، آپ کی اپنے اکاونٹ کی حفاظت اور رازداری سے متعلق ذمہ داری کی وضاحت کرتے ہیں۔

## 14

### معاوضہ

وہ تمام معاوضے جو درج بالا نکات میں بیان کئے گئے ہیں، آپ ان کا دفاع ، ادائیگی کریں گے اور ہمیں ان سب سے دور اور ان کے خلاف کسی اور تمام کلیم ، نقصانات ، اخراجات، دعووں یا ادائیگیوں بشمول وکیل کی فیس اور اخراجات جو ہم پر لاگو ہو کسی تھرڈ پارٹی کے کلیم کی وجہ سے سامنے آئے یا ان سے متعلقہ ہو 1 ) آپ کی جانب سے ہماری سروس ، کانٹینٹ ، ویب سائٹ یا موبائل ایپ کا استعمال 2 ) آپ کی خلاف ورزی یا خلا ف ورزی کا الزام ان شرائط کے سلسلے میں یا آپ کی خلاف ورزی یا خلا ف ورزی کا الزام کسی قابل اطلاق قانون کے سلسلے میں 3 ) آپ کی خلاف ورزی یا خلا ف ورزی کا الزام کسی انٹلیکچوئل پراپرٹی یا دیگر حقوق کسی فرد یا شخصیت کے یا 4 ) اس معلومات یا دستاویزات پر بھروسہ کرنے سے جو آپ نے فراہم کئے ہیں۔ آپ کسی ایسے کلیم یا معاملے کو ہمارے پیشگی تحریری نوٹس کے بغیر ادا نہیں کریں گے۔ ہم یہ حق محفوظ رکھتے ہیں کہ ، اپنے اخراجات پر ،اپنا کلی طور پر دفاع کریں اور آپ کی جانب سے کسی معاوضے کی صورت میں اس معاملے کو کنٹرول کریں ، اور آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کے ایسے معاملے میں دفاع کی صورت میں ہمارے ساتھ مکمل تعاون کریں گے۔

## 15

**منسوخی اور مقررہ مدت کا اختتام**

15.1

یہ شرائط آپ پر لاگو ہیں سروس کے استعمال کے آغاز سے اور مکمل طور پر رہیں گے اور مؤثر ہوں گے جب تک کہ ان شرائط کے مطابق سروس منسوخ نہیں ہوگی۔

15.2

**ہم بذریعہ ایس ایم ایس یا پش نوٹیفیکیشن کے ذریعے نوٹس بھیج کر آپ کا اکاونٹ فوری طور پر منسوخ یا ڈی ایکٹیویٹ کردیں گے اگر 1 ) اگر آپ نے ان شرائط یا لاگو شدہ قوانین یا ضوابط کی خلاف ورزی کی 2 ) اگر ہمیں اس بات کا یقین ہوجائے کہ آپ کے اکاونٹ کے ذریعے کوئی مالیاتی جرم ، رسک ، ممکنہ دھوکا دہی پر مبنی یا غیر قانونی ٹرانزیکشن ہوئی ہے 3) یا ، آپ اب ملازمت نہیں کررہے یا آپ کی کمپنی کے مالک نے مائے زوئی کی پے رول کی سروسز کا استعمال بند کردیا ہے 4) کسی قابل اطلاق قانون یا ضوابط کے تحت 5) اگر کلینڈر کے 90 دن تک آپ کے اکاونٹ سے کوئی ٹرانزیکشن نہ کی جائے تو ہم آپ کا اکاونٹ غیر فعال تصور کریں گے۔**

15.3

**اس کے علاوہ ، ہم کسی بھی وجہ سے یہ شرائط منسوخ کرسکتے ہیں اور آپ کا اکاونٹ ڈی ایکٹیویٹ کرسکتے ہیں 60 دن کے پیشگی نوٹس پر یا دیگر کسی معقول دورانیہ کے تحت ، جو آپ کو آپ کی موبائل ایپ کے تحت ایس ایم ایس یا پش نوٹیفیکیشن کے تحت بھیج دیا جائے گا۔**

15.4

اکاونٹ کی منسوخی پر ، آپ کا ویب سائٹ ، موبائل ایپ یا کوئی بھی سروس استعمال کرنے کا حق اور/یاان تک رسائی کا لائسنس

فوری طور پر بند ہوجائے گا ورآپ کا اکاونٹ ڈی ایکٹیویٹ ہوجائے گا۔

15.5

آپ ای میل ، موبائل ایپ یا ہمارے کال سینٹر کال کرکے یا دیگر کسی بھی ذریعے سے جو مائے زوئی کی جانب سے واضح کئے گئے ہیں، کسی بھی وقت اپنا اکاونٹ منسوخ کرسکتے ہیں۔

15.6

آپ کے اکاونٹ کی منسوخی کو مد نظر رکھتے ہوئے آپ کے اکاونٹ میں موجود تمام غیر متنازعہ رقم آپ کو واپس کردی جائے گی۔اگر کوئی ایسے بقایا جات اکاونٹ میں موجود ہوں جن کا دعوی نہیں کیا گیا ، تو آپ کو رقم کے حصول کے لئے ہم سے رابطہ کرکے درخواست دینا ہوگی۔

15.7

ہم آپ کے اکاونٹ پر منسوخی کی کوئی فیس نافذ نہیں کریں گے۔

**16**

**مجموعہ ، استعمال اور آپ کی معلومات کو سامنے لانا**

آپ کی رضامندی اور آپ پورا کریں گے کہ تمام متعلقہ افراد جن کی معلومات آپ نے ہم پر ظاہر کی ہے (مجموعی **"متعلقہ افراد"** ) ہمارے افسران ، ملازمین ،ایجنٹس اور مشورے دینے والے افراد کو جنہوں جمع کی ہے ، استعمال کی ہے اور ظاہر کی ہے یہ تمام معلومات جو آپ سے تعلق رکھتی ہے (اور متعلقہ افراد) بشمول آپ کی اکاونٹ کی تفصیلات کسی تھرڈ پارٹی کو ان وجوہات کی بنا پر جو ہمارے پرائیویسی نوٹس میں فراہم کی گئی ہیں ، یا بصورت دیگر متعلقہ قابل اطلاق قانون کے تحت مطلوب ہیں یا جائز قرار دیا گیا ہے ۔

**17**

**عمومی استعمال**

**17.1**

**محفوظ رکھنا**

ہم آپ کی معلومات کو محفوظ رکھیں گے قانونی ، ریگولیٹری ، کاروباری اور آپریشنل پابندیوں کے تحت جن کو ہمارے پرائیویسی نوٹس میں واضح کردیا گیا ہےہم آپ کو تجویز کرتے ہیں کہ آپ تمام خط وکتابت کو اپنے پاس محفوظ رکھیں، بشمول اکاونٹ اسٹیٹمنٹ اور دیگر متعلقہ دستاویزات جو آپ نے ہم سے وصول کی ہیں یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ ایسے ریکارڈز محفوظ اور رسائی کے دائرے میں رکھیں اپنے ریکارڈ کے لئے اور مستقبل میں اگر حوالے کی ضرورت پڑ جائے تو ایسی صورت حال کے لئے بھی۔

**17.2**

**بیانات اور ریکارڈ**

ہم آپ کو موبائل ایپ کے ذریعے آپ کے موبائل کی اسٹیٹمنٹ جاری کریں گے۔ برائے مہربانی نوٹ کرلیں کے ہماری اسٹیٹمنٹ میں کسی بھی غلطی کو چیک کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ اسٹیٹمنٹ میں کوئی غلط یا بغیر اجازت کی جانے والی ٹرانزیکشن نظر آئے ، آپ ہمیں فوری طور پرموبائل ایپ کے ذریعے کال کرکے اطلاع کریں گے۔ اگر آپ نے اسٹیٹمنٹ کے اجرائ سے 30 کاروباری دنوں میں ہمیں کسی غلطی سے آگاہ نہیں کیا تو ہم اس کو درست تصور کریں گے۔

**17.3**

**ریگیولیڑی فریم ورک متحدہ عرب امارات میں سروس کے لئے**

آپ کو یہ سمجھنا ہوگا کہ ہمیں سینٹرل بینک آف دی یونائیٹیڈ عرب ایمریٹس کی جانب سے ڈیجیٹل پیمنٹ سروس فراہم کرنے کی اجازت دی گئی ہے سینٹرل بینک ریگولیٹری فریم ورک کے ساتھ مالی قدروقیمت اور الیکٹرونک پیمنٹ سسٹم (**"فریم ورک"**) کے لئے۔ مائے زوئی فریم ورک کی ضروریات لے تحت کام کرتا ہے اور فریم ورک کی شرائط کی تعمیل کا پابند ہے ، جو آپ کی جانب سے سروسز کے استعمال پر اثر انداز ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ، فریم ورک کی حدود کی بنیاد ہیں 1 ) وہ رقم جو آپ کے اکاونٹ میں ہر ماہ جمع ہوگی 2 )وہ رقم جو آپ کے اکاونٹ میں رہے گی اور 3 ) ہر ٹرانزیکشن کی وہ رقم جو سروس کے استعمال کا آغاز ہو گی۔

**17.4**

**شکایات، کسٹمر سروس اور کمیونیکیشن چینل**

**اگر آپ کے کوئی سوالات ، الجھن یا شکایت ہے ویب سائٹ ، موبائل ایپ یا سروس سے تعلق رکھنے والے کسی بھی کانٹینٹ ، معلومات یا ڈیٹا سے متعلق، برائے مہر بانی ہم سے**

**ask@myzoi.life**

**یا ہمارے وقف شدہ کال سینٹر 69964 800 پر یو اے ای میں ہی (مفت) کال کرکے یا 69964 800 971 + یو اے ای (چارجز کا اطلاق ہوگا ) کی حدود سے باہر سے کال کرکے یا موبائل ایپ پر کال بیک کی درخواست دے کر ہمیں آگاہ کریں۔ آپ ہمیں تحریری طور پر درج ذیل پتے پر بھی آگاہ کرسکتے ہیں :**

**Myzoi Financial Inclusion Technologies L.L.C**

**15th Floor , Standard Chartered Tower , Downtown , Dubai , UAE.**

**17.5**

**ذیلی کانٹریکٹ اور اسائنمنٹ**

1

آپ اس بات سے آگاہ ہیں کہ ، قانونی اجازت کی حد تک ، ہم تفویض کرسکتے ہیں ، ذیلی کانٹریکٹ دے سکتے ہیں ، نمائندہ بنا سکتے ہیں یا بصورت دیگر ان شرائط یا کے فوائد منتقل کرسکتے ہیں یا اپنی کوئی بھی ذمہ داری دیگر کسی پارٹی کو دے سکتے ہیں آپ کی رضامندی کے بغیر۔

2

آپ یہ شرائط، سروسز یا دیگر کوئی حقوق کسی تھرڈ پارٹی کو تفویض یا بصورت دیگر منتقل نہیں کرسکتے۔

**17.6**

**قدرتی آفات**

ہم ان شرائط کی خلاف ورازی نہیں کریں گے یا ذمہ دارنہیں ہیں کسی خرابی یا تاخیر کے جو کسی ذمہ داری کو پورا کرتے ہوئے ہو جائے اگر یہ کارکردگی باز رکھی جائے ، روکی جائے یا تاخیر ہوجائے ، کسی حصے میں یا کلی طور پر ، کسی ایسے واقعہ کی صورت میں جو معقول طور پر ہماری دسترس سے باہر ہو ، بشمول کسی حدود ، آگ ، سیلاب ، دھماکا ، آسمانی آفات ، دہشت گردی، شہری ہنگامے ، ہڑتالیں ، یا کوئی انڈسٹریل ایکشن ،فسادات ، بغاوت ، جنگ ، وبائی امراض ، حکومتی اقدامات ، تھرڈ پارٹی کے اقدامات جو ہماری دسترس سے باہر ہوں ، تحفظ کی خلاف ورزی ، بجلی کی بندش ، ٹیلی کمیونیکیشن یا انٹرنیٹ سروس کی خرابیاں یا کٹوتی یا کمپیوٹر سسٹم تک کسی کا بغیر اجازت رسائی حاصل کرلینا۔

**17.7**

**آپ کے اکاونٹ بیلنس کا تحفظ**

ہم اس رقم کا پوری طرح تحفظ یقینی بنائیں گے جو آپ کے اکاونٹ میں ہے :

1

آپ کی رقم کسی بھی وقت کسی دوسرے شخص کی رقم کے ساتھ نہیں ملے گی ؛ اور

2

اور آپ کی رقم کا تحفظ کیا جائے گا مائے زوئی کے دیگر قرض دہندہ افراد کے دعووں کی صورت میں ، خاص طور سے اگر کوئی دیوالیہ ہوگیا ہو۔

**18**

**حکومتی قوانین**

اس معاہدے کو متحدہ عرب امارات کے قوانین اور ان کی راہ نمائی کے مطابق تعبیر ، تشریح اور لاگو کیا جائے اور ( اس حد تک جتنا متحدہ عرب امارات میں لاگو ہے) اور متحدہ عرب امارات کے قوانین اور دبئی کی عدالتیں اس کا خصوصی دائرہ کار ہیں جو اس پر غور کریں گی کسی بھی تنازعہ یا مقدمے کی بنا پر جو اس ایگریمنٹ کی صورت میں پیدا ہوگا۔

**19**

**اہم توضیحات**

**(Definition Section)**

**اکاونٹ**

اکاونٹ کا مطلب وہ ڈیجیٹل فنانشل اکاونٹ ہے جو الیکٹرونک رقم کو محفوظ کرتا ہے اور جو آپ کی جانب سے سروسز کے استعمال کے لئے مائے زوئی ایپ پر بنایا گیا ہے۔

**ایپلیکیشن مارکیٹ پلیس**

ایپلیکیشن مارکیٹ پلیس کا مطلب جیسا کہ گوگل پلے اسٹور، ایمازون ، ایپ اسٹور ، ہوواوے ایپ گیلری ، ایپ؛ ایپ اسٹور اور دیگر ایپلیکیشن مارکیٹ پلیسز جو ہم استعمال کرتے ہیں۔

**اے ٹی ایم**

اے ٹی ایم کا مطلب آٹومیٹیڈ ٹیلر مشین جوآپ اپنے مائے زوئی ڈیبٹ کارڈ کو استعمال کرتے ہوئے اکاونٹ سے رقم نکالنے کے لئے استعمال کریں گے

**فنڈ ٹرانسفر**

فنڈ ٹرانسفرکا مطلب اپنے اکاونٹ سے رقم بینیفشری کو بھیجنے کی ہدایت کرنا ہے۔

**شناختی دستاویز**

شناختی دستاویز کا مطلب ، آپ کا آفیشل قومی شناختی کارڈ ، پاسپورٹ ، یا دیگرآفیشل مستند دستاویزمتعلقہ قوانین اور ضوابط کے مطابق " نو یور کسٹمر"کے طریقہ کار ، جوسروسز کے معاہدے کے تحت کام کرتا ہے اور وقتا فوقتا تبدیل ہوتا رہتا ہے۔

**موبائل ایپ**

موبائل ایپ کا مطلب ہے ہماری ایپلیکیشن جومختلف موبائل آپریٹنگ سسٹمز پر چلنے کے لئے تیاراور ڈیزائن کی گئی ہے تاکہ بہترین سروسز فراہم کی جاسکیں ۔

**مائے زوئی**

مائے زوئی کا مطلب ، ایک کمپنی متحدہ عرب امارات کے ساتھ تشکیل دی گئی ہے اور اس کا کاروباری صدر دفتر 15 فلور ، اسٹینڈرڈ چارٹرڈ ٹاور، ڈاون ٹاون ، دبئی، یو اے ای۔

**پیمنٹ کارڈ یا کارڈ**

پیمنٹ کارڈ یا کارڈ سے مراد مائے زوئی پری پیڈ یا ڈیبٹ کارڈ جوآپ کواپنے اکاونٹ سے رقم نکلوانے کے لئے جاری کیا گیا ہے منتخب شدہ ایے ٹی ایمز یا دکانوں کے ذریعے سے یا دیگر کوئی بھی چینل جہاں کارڈ قابل قبول ہو ،جس کی شناخت مائے زوئی کے طور پر ہوتی ہے۔

**پرائیوسی نوٹس**

پرائیویسی نوٹس کا مطلب مائے زوئی کا پرائیوسی نوٹس جو

/http;//myzoi.life پر موجود ہے جس کی شرائط ان شرائط میں شامل کردی گئی ہیں۔

**سروسز**

سروسز کا مطلب مائے زوئی ڈیجیٹیل والٹ ہے، ویب سائٹ تک رسائی اور موبائل ایپ کا استعمال اور دیگر سروسز جو ہم نے فراہم کی ہیں، وقتا فوقتا۔

**شرائط وضوابط یا شرائط**

شرائط و ضوابط یا شرائط کا مطلب یہ شرائط وضوابط جن کو ہماری پرائیوسی نوٹس میں بھی شامل کیا گیا ہےاورتیسری پارٹی کی شرائط وضوابط جو اس سروسز، ویب سائٹ یا موبائل ایپ کے استعمال کے لئے لازمی ہیں۔

**یو اے ای**

یو اے ای کا مطلب متحدہ عرب امارات ہے۔

**استعمال کرنے والے کی تصدیق**

استعمال کرنے والے کی تصدیق کا مطلب وہ تمام طریقہ کار جو ہم آپ کی شناخت اور اہلیت کو یقینی بنانے کے لئے استعمال کریں گے تاکہ ہم آپ سروسز فراہم کرسکیں ۔

**ویب سائٹ**

ویب سائٹ کا مطلب ڈومین

http://myzoi.life/.